12805 ـ مسجد کے لیے باغیچے بنانا

سوال

مساجد تعمیر کرنے والے بہت سے لوگ جان بوجھ کر مسجد کی زمین میں خوبصورتی کے لیے باغیچہ اور کیاریاں بناتے ہیں، کیا یہ عمل جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مندرجہ بالا سوال ہم نے فضیلۃ الشیخ عبد الرحمن بن جبرین حفظہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا:

اگر تو اس میں نمازیوں کے لیے کوئی تنگی اور رکاوٹ نہیں، اور مسجد کے لیے ضرورت ہو نے کے باوجود مسجد کے لیے وقف کردہ رقم کو صرف کیا جانا نہ ہو، یا اس رقم کے لیے کوئی اور محتاج نہ ہو تو پھر مسجد کی خوبصورتی اور جمال کے لیے ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں.

واللہ اعلم .